NOTIFICATION OF SAT SCHOOL DAY 2024

بارہواں گریڈ شروع کرنے والے طلباء کے عزیز والدین اور/ یا سرپرست:

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) اس موسم خزاں میں گریڈ 12 کے طلبا و طالبات کو، SAT اسکول ڈے کی پیشکش کے منصوبوں کا اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہے ۔ یہ ٹیسٹ بروز بدھ ، 9 اکتوبر 2024 ء کو ہو گا اور FCPS کے بارہویں گریڈ میں داخل طلبا و طالبات کیلئے ، مفت ہو گا ۔ SAT subject tests اور SAT with Essay اسکول ڈے پر دستیاب *نہیں* ہوں گے ۔ اس خط کا مقصد SAT اسکول ڈے موقع کے بارے میں عمومی معلومات فراہم کرنا ہے ۔ اس خط میں معذور طلبا و طالبات کی ٹیسٹنگ سہولیات اور انگریزی سیکھنے والے طالبعلموں کی ٹیسٹنگ سپورٹ کے بارے میں ، وقت سے متعلق معلومات بھی فراہم کی گئی ہیں ۔

خزاں 2024 ء کیلئے نئی معلومات: امسال PSAT/NMSQT ڈیجیٹل فارمیٹ میں منعقد ہوگا ۔ طلبا و طالبات اور ان کے گھر والے مزید معلومات کالج بورڈ ڈیجیٹل کے SAT Suite of Assessments ویب پیج پر ملاحظہ کرسکتے ہیں (https://satsuite.collegeboard.org/sat/sat-school-day) ۔ ڈیجیٹل ٹیسٹس کیلئے بعض ٹیسٹنگ سہولیات کا انتظام کاغذ و پینسل ٹیسٹس کی بہ نسبت مختلف انداز سے کیا جاتا ہے ۔ معذوری کے حامل طلبا وطالبات کیلئے سہولیات کے متعلق معلومات ذیل میں ملاحظہ کیجیئے ۔

SAT School Day ایک معیاری ٹیسٹ ہے، جو ریاضی اور ثبوت پر مبنی مطالعہ اور تحریر کی جانچ کرتا ہے ۔ ٹیسٹ میں استدلال کی مہارت ، علم ، اور فہم پر توجہ دی گئی ہے ۔ ٹیسٹ مکمل کرنے والے طلباء ایک انفرادی طور پر تشکیل دی گئی اسکور رپورٹ حاصل کریں گے ، جس میں ٹیسٹ کے سوالوں پر ان کے جوابات کے بارے میں رائے یا فیڈ بیک کا اظہار کیا جائے گا ۔ کالج میں داخلے کا SAT ٹیسٹ ، کچھ کالجوں اور یونیورسٹیوں میں ، داخلے کے عمل کے ایک جزو کے طور استعمال کیا جاتا ہے ۔ SAT ٹیسٹ کے مواد سے متعلق اضافی معلومات SAT کالج بورڈ ویب پیج (https://collegereadiness.collegeboard.org/sat/inside-the-test/key-features) پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں ۔ طلبا وطالبات کو ٹیسٹ کی مفت آن لائن تیاری کیلئے Khan Academy تک بھی رسائی حاصل ہوگی ، (https://www.khanacademy.org/SAT) ، جو ان کے گیارھویں گریڈ کے PSAT/NMSQT اسکورز کی بنیاد پر تشکیل دی گئی ہے ۔

معذور طلبا و طالبات کیلئے ، ٹیسٹنگ کی سہولیات

معذور طلباء ، جن کیلئے ، 504 پلان یا انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں ٹیسٹنگ سہولیات کی نشاندہی کی گئی ہے، وہ SAT اسکول ڈے میں ٹیسٹنگ سہولیات کیلئے اہل قرار دیئے جا سکتے ہیں ۔ تاہم ، کالج بورڈ لازمی طور پر ہر طالبعلم کیلئے ایک باقاعدہ درخواست منظور کرے ۔

- اگر طالبعلم کو، پہلے ہی سے گزشتہ PSAT/NMSQT, PSAT 10, SAT, یا AP test کی طرف سے کالج بورڈ کی سہولیات کی منظوری حاصل ہے تو مزید کسی کارروائی کی ضرورت نہیں ۔ ایک بار کی منظوری کے بعد ، سہولیات تمام کالج بورڈ ٹیسٹنگ کیلئے ، برقرار رہتی ہیں ۔ جیسا کہ درج بالا سطور میں نوٹ کیا گیا ہے کہ بعض سہولیات تبدیل ہوسکتی ہیں یا SAT School Day کیلئے نئے ڈیجیٹل ٹیسٹ فارمیٹ میں ہوسکتا ہے انکی ضرورت نہ ہو ۔ اپنے طالبعلم کی منظور شدہ سہولیات کا جائزہ لینے کو یقینی بنائیے اور اپنے طالبعلم سے بات کیجیئے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ وہ سمجھتے ہوں کہ وہ کیسے ٹیسٹ دیں گے ۔ ڈیجیٹل ٹیسٹس میں سہولیات کو استعمال کرنے کے متعلق معلومات کیلئے کالج بورڈ کا ویب پیج ملاحظہ کیجیئے (https://satsuite.collegeboard.org/digital/accommodations-digital-testing/using-accommodations-digital-tests) ۔
- منسلکہ کاغذات 1-3 اور کالج بورڈ ٹیسٹنگ کی سہولیات کے طریقہ کا ویب پیج (https://www.fcps.edu/node/38355) FCPS کے طریقہ کار برائےدرخواست کالج بورڈ ٹیسٹس سہولیات کی معلومات بھی فراہم کرتا ہے ۔ *SAT اسکول ڈے کیلئے ، ٹیسٹنگ کی نئی سہولیات کی درخواست کرنے کی صورت میں ، رائے اور رضامندی کے درکار فارم **5 اگست ، 2024** ء تک اسکول میں جمع کرانے لازمی ہیں ۔*

انگریزی سیکھنے والے طلبا و طالبات کیلئے ، ٹیسٹنگ اعانتیں

ریاستی اور وفاقی پالیسی کی تعریف کی رُو سے ، انگریزی سیکھنے والے (ELs) طلبا و طالبات ، SAT اسکول ڈے ٹیسٹ کیلئے ، ٹیسٹنگ اعانتوں کے اہل ہیں ۔ EL سپورٹ عارضی ہوتی ہے اور صرف ٹیسٹ کی تاریخ پر استعمال کی جا سکتی ہے ، جس کی انہوں نے درخواست دی ہوتی ہے ۔ منسلکہ کاغذات 4-6 اور EL سہولیات کے طریقہ برائے کالج بورڈ ٹیسٹنگ ویب پیج (https://www.fcps.edu/node/42717) پر EL ٹیسٹنگ سپورٹ کیلئے، درخواست دینے کے عمل سے متعلق ، اضافی معلومات فراہم کی گئی ہیں ۔ *SAT اسکول ڈے کیلئے ، EL اعانتوں کی درخواست کرنے کی صورت میں ، رائے اور رضامندی کے درکار فارم **5 اگست ، 2024** ء تک اسکول میں جمع کرانے لازمی ہیں ۔*

ہم اکتوبر میں، بارہویں گریڈ کے طلبا وطالبات کیلئے ، یہ موقع فراہم کرنے پر انتہائی پُرجوش ہیں ۔ تعلیمی سال کے آغاز میں ، SAT اسکول ڈے سے متعلق ، اضافی معلومات کیلئے ، رابطہ میں رہیے ۔ یہ معلومات FCPS کی اس ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کی جا سکتی ہیں: SAT اسیسمینٹس ویب پیج (https://www.fcps.edu/node/41968).

منسلکہ کاغذات 1-3: سہولیات کی درخواست کا طریقہ کار
منسلکہ کاغذات 4-6: EL اعانتوں کی درخواست کا طریقہ کار